Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

”بلّے“ کے انتخابی نشان کے حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے کی پشاور ہائیکورٹ سے معطّلی کا معاملہ

26دسمبر2023

- پشاور ہائیکورٹ کے تاریخ ساز اور دوررس نتائج کے حامل فیصلے پر اللہ رب العزّت کے شکر گزار ہیں۔
- پشاور ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے کے ذریعے ملک میں دستور کی بالا دستی، قانون کی حکمرانی، جمہوریت کی بقا و تسلسل اور عوام کے حقِ انتخاب کو ٹھوس سہارا فراہم کیا ہے۔
- پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ تحریک انصاف کی ہر لحاظ سے پر امن آئینی، قانونی اور سیاسی جدوجہد کی فتح ہے۔
- اپنے قیام سے آج تک تحریک انصاف نے بانی چیئرمین عمران خان کے ویژن اور سیاسی فلسفے کی روشنی میں مکمل طور پر پر امن رہتے ہوئے اپنی جدوجہد کو آگے بڑھایا ہے۔
- بدترین ریاستی جبر وفسطائیت اور تحریک انصاف کو طاقت کے اندھے استعمال کے ذریعے انتخابات سے باہر کرنے کی کوششوں کا قائدین اور کارکنان نہایت صبر وضبط اور کمال ثابت قدمی اور قانون پسندی سے سامنا کررہے ہیں۔
- ظلم وبربریت کے ناقابلِ تصور سلسلوں اور تہہ در تہہ سازشوں کے بُنے گئے جال کے باوجود مکمل طور پر پرامن رہتے ہوئے آئین، قانون اور جمہوری آداب کے دائرے میں اپنی جدوجہد آگے بڑھا رہے ہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ریاستی اداروں کے بے جا تعصّب، سرکاری مشینری کے نفرت انگیز اور ماورائے قانون ہتھکنڈوں اور ملک میں عوام کی سب سے بڑی نمائندہ سیاسی جماعت کو کچلنے کی تمام تر کوششوں کے باوجود نظامِ انصاف سے عدل و انصاف کی حکمرانی کے خواہاں ہیں۔
- تحریک انصاف کسی اشتعال و انتشار کا شکار ہوئے بغیر جمہور کے حقِ حاکمیّت، ووٹ کی حرمت اور جمہوریت کے تحفّظ کا فریضہ سرانجام دے گی۔
- بانی چیئرمین عمران خان سمیت تمام اسیر کارکنان اور قائدین کو انصاف بھی دلوائیں گے اور 8 فروری کو اپنے ووٹ کی طاقت سے ملک کو انتشار و بحران کی دلدل میں دھکیلنے والوں کے عزائم بھی خاک میں ملائیں گے۔
- قوم تیاری کرے، 8 فروری کو ووٹ کی پرچی کے ذریعے تاریخ کا پرامن ترین اور بے مثال انقلاب برپا کریں گے اور اہلِ پاکستان کی حقیقی آزادی کو یقینی بناتے ہوئے ملک کو خودداری، خود انحصاری اور خودمختاری کی راہ پر ڈالیں گے، ان شاء اللہ۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ